Maulana Azad National Urdu University

M.A. History, II Semester Examination - May 2018

Paper : MAHS202CCT : Medieval India: Society & Culture

پرچہ : عہدِ وسطیٰ: معاشرہ اور ثقافت

Time : 3 hrs | Marks : 70

356

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ہندوستان میں کاشتکاری (Agriculture) کا سب سے پہلا نمونہ کہاں دیکھنے کو ملتا ہے۔

(ii) "ساقیا" (Saqiya) کا استعمال کس کام کے لیے کیا جاتا ہے۔

(iii) دہلی سلطنت کے اس مشہور شخص کا نام بتائیں جو موسیقی اور شاعری دونوں میں ہی ایک اہم مقام رکھتا ہے۔

(iv) اڑھائی $2\frac{1}{2}$ دن کا جھونپڑا کس نے اور کہاں بنوایا تھا۔

(v) دہلی سلطنت کے کس شہزادے نے شیخ سعدی کو ہندوستان آنے کی دعوت دی تھی۔

(vi) اکبر کے دور کے دو مشہور مصورین (Painters) کا نام بتائیں۔

(vii) فتح پور سیکری میں اکبر کے دور میں بنائی گئی دو مذہبی عمارتوں کا نام بتائیں۔

(viii) سترہویں صدی میں "ویرجی دہرا" کا نام کس لیے مشہور ہے۔

(ix) بھکتی سنت توکارام کا تعلق کس صوبہ سے تھا اور کس زبان میں لوگوں تک اپنا پیغام پہنچایا۔

(x) ہندوستان میں مہدوی تحریک کے بانی کون ہیں۔

حصہ دوم

2. ما قبل دہلی سلطنت کے سماجی حالات پر ایک مختصر نوٹ تحریر کریں۔
3. مملوک دور کے فن تعمیر پر روشنی ڈالیں۔
4. عہد وسطیٰ خصوصاً دہلی سلطنت میں تعلیم اور تعلیمی اداروں پر روشنی ڈالیے۔
5. چشتی سلسلے پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔
6. بھکتی تحریک سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بھکتی تحریک کے ذریعہ سماجی بدلاؤ کو بیان کریں۔
7. مغل دور میں Painting پر ایک نوٹ لکھیں۔
8. مغل حرم پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔
9. Composite Culture سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ایک نوٹ لکھیں۔

حصہ سوم

10. عہد وسطیٰ کے ہندوستان میں ٹکنالوجی (Technology) کے حوالے سے کاشتکاری (Agriculture) اور تعمیر (Building) پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں
11. دور مغلیہ میں زبان و ادب پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔
12. مغل دور میں سماجی حالات کا تفصیلی جائزہ لیں۔
13. تصوف کو اسلام کی روشنی میں بیان کریں اور تصوف کے ہندوستانی سماج پر کیا اثرات ہوئے۔
14. مسلم تجدیدی تحریک (Muslim Revivalist Movement) کا ایک تفصیلی جائزہ لیں۔

☆☆☆